Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۱ دسمبر ۱۹۳۵ء جلد ۲۷

حصہ ۲ و دیگر

احکام عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر	۲	۴	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۵
۲	احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۳	۵	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۶و۷
۳	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴	۶	نقشہ نرخ بازار اجناس	۸

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

تبدیلی تعطیل

۱۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء

یوم سالگرہ علیا حضرت ہر ہائینس عالیجناب بیگم صاحبہ دام اقبالہا ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۵ء مقرر ہوا ہے۔ چونکہ ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۵ء کو جمعہ ہے لہذا حسب ایمائے عالی ۲۱ر دسمبر ۱۹۳۵ء کو جملہ دفاتر و مدارس میں عام تعطیل دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

مورخہ ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۵ء

بتقریب جشن سالگرہ علیا حضرت ہر ہائینس عالیجناب بیگم صاحبہ دام اقبالہا۔ مصرحۂ ذیل چھ قیدیان کو حسب ایمائے اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و بحکم معافی بقیہ قید جیل سے رہا کیا جانا منظور کیا جاتا ہے:-

نمبر شمار	نام قیدی مع ولدیت	جرم
(۱)	حفیظ خاں ولد رشید خاں	دفعہ ۳۲۵
(۲)	للن خاں ولد نصر اللہ خاں	دفعہ ۳۰۲
(۳)	شوکت علیخاں ولد کلن خاں	دفعہ ۳۹۲
(۴)	صاحبزادہ مٹن صاحب	دفعہ ۲۹ (قانون فوج)
(۵)	جگن سنگھ ولد رام سنگھ	دفعہ ۳۲۵
(۶)	بانکے ولد گنگا رام	دفعہ ۴۵۹

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل روبکار بعد اجرائے احکام صاحب سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کے پاس بھیجا جائے۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

روبکار

۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء

فائنینس ڈیپارٹمنٹ سے سروس بک اور سروس اسٹیٹمنٹ کے بے ترتیب آنے کی وجہ سے نقشہ جات نمونہ سروس بک وغیرہ بابت تقسیم کے ساتھ گزٹ مطبوعہ ۱۰ دسمبر ۱۹۳۵ء میں ایک تحریر کے ساتھ شائع ہوئے ہیں ہر صیغہ سے سروس بکیں تیار ہوں گی اسلئے ہر صیغہ کی اطلاع کی ضرورت ہے جس کے لئے معمول قدیم بموافق صدور سے کل تحریرات و نقشہ جات کا اجرا صیغہ جات ماتحت میں ہوتا ہے جس میں سوائے طوالت کے اور کوئی خاص فائدہ نہیں کیونکہ گزٹ احکام کی اشاعت کیوجہ سے ہر صیغہ میں جاتا ہے اسلئے جملہ صیغہ جات ماتحت گزٹ سے حکم محولہ کو دیکھ کر اسکے موافق کاربند ہوں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی نقول سررشتہ صدر سے جملہ صیغہ جات ماتحت میں برائے تعمیل بھیجدی جائیں۔ تعمیلاً اصل سررشتہ صدر کو مرسل ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

حوالہ

دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

تبادلہ

۱۲ دسمبر ۱۹۳۵ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و سفارش سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل منشی ہر پرشاد انگلش ٹیچر پرائمری مدرسہ گھیر طور خاں کا تبادلہ بمشاہرہ چھبیس روپیہ ماہوار ہیڈ ماسٹری کی جگہ پر منظور کیا جاتا ہے سررشتہ صدر احکام ضابطہ جاری کرے

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۹ دسمبر ۱۹۳۵ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل سوار بابت منظوری رخصت دس یوم بلا تنخواہ محمد حید رضلعدار حلقہ علی پٹی کلاں مشاہرہ بابت پینتیس روپیہ از ۵ ر نومبر ۱۹۳۵ء وتقرر بجائش روشن لال اُمیدوار از ۸ ر نومبر ۱۹۳۵ء بعطائے تنخواہ بیس روپیہ ماہوار مرسلہ ڈپٹی ناظم صاحب۔

حکم

۵ ر نومبر ۱۹۳۵ء سے ۱۴ ر نومبر ۱۹۳۵ء تک دس یوم کی رخصت بلا تنخواہ محمد حید رضلعدار کی بعوض روشن لال کیڈیٹ ضلعدار (ب) منظور ہے۔ ۸ ر نومبر ۱۹۳۵ء سے عوض پائیگا بقیہ تنخواہ سیاہہ ہوگی۔ احکام جاری ہوں

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی من ابتدائے ۱۳ دسمبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء عدالت ہائی کورٹ میں ہوتی بغرض اشاعت گزٹ بھیج کر مرسلہ

۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط جناب چیف جسٹس صاحب بہادر

نمبر	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
	تعطیل ہو			
۱	اجلاس عالیہ جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	نذیر احمد خاں بنام جعفر یار خاں	ابتدائی دیوانی بابت زر قرضہ	آج مسئول علیہ کے بیانات قلمبند ہو کر مقدمہ بقیہ شہادت کے لئے کل پیش ہو
۲	"	گلن بنام سرکار عالی	اپیل فوجداری بجرم [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز
۳	"	بھول خاں بنام "	" بجرم دفعہ ۱۰۹	آج مقدمہ پیش ہو کر واضح ہوا کہ مسل حسب دفعہ ۴۰۶ ضابطہ فوجداری قابل اپیل نہیں ہے بغرض صدور حکم اجلاس عالیہ جناب چیف جسٹس صاحب بہادر پیش ہو
۴	اجلاس عالیہ جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	محمد اسمٰعیل بنام نعمت خاں	نگرانی دیوانی بابت زر تمسک	بعد سماعت بحث زیر تجویز
۵	"	گنگا پرشاد بنام انوپ سنگھ	نگرانی دیوانی بابت نامنظوری [illegible]	"
۶	اجلاس عالیہ جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار عالی بنام شیخ وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲	آج بحث سماعت ہوئی مقدمہ برائے تجویز ۱۹ دسمبر ۱۹۳۳ء کو پیش ہو
۷	"	سنی و تعلی بنام سرکار عالی	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲	آج دیگر مقدمات کی سماعت سے فرصت نہیں ہوئی لہٰذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۲ جنوری ۱۹۳۴ء پیش ہو
۸	"	نذیر احمد بنام خضر [illegible]	ابتدائی دیوانی بابت زر تمسک	آج گواہان مسئول علیہ کے بیانات قلمبند ہوئے دو گواہان کو وکیل مسئول علیہ نے بری کر دیا لہٰذا مقدمہ ۱۹ دسمبر کو پیش ہو
۹	اجلاس عالیہ جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	جاگیر پرشاد بنام محمد حسن [illegible]	اپیل دیوانی بجواب اپیل	دیگر بیانات ۲۲ دسمبر مقرر ہے لہٰذا مقدمہ ابھی ۲۲ دسمبر کو پیش ہو
۱۰	"	شمالہ بیگم بنام محمد علی خاں	" بابت تخلیہ مکان	آج وکیل اپیلانٹ نے بیان کیا نسبت مسئلہ ۲۲ دسمبر کو بیان کیا جائے گا۔ لہٰذا مقدمہ تاریخ مقررہ پر پیش ہو۔
	تعطیل شہادت امیر المومنین			
۱۱	اجلاس عالیہ جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار عالی بنام شیخ وغیرہ	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ ۳۰۲	شیخ آدم کی سن بلوغیت روشن ہو کر ثابت ہے بثبوت جرم دفعہ ۳۰۴ چار سال قید سخت کی سزا دی گئی
۱۲	"	نذیر احمد خاں بنام خضر یار خاں	ابتدائی دیوانی بابت زر قرضہ	آج گواہان مسئول علیہ کے بیانات قلمبند ہوئے وکیل مسئول علیہ نے بقیہ گواہ کی شہادت کے لئے ۲ جنوری ۱۹۳۴ء مقرر ہو
۱۳	"	صاحبزادہ سید جعفر علی بنام [illegible]	اپیل دیوانی بابت دروازہ مکان	فریقین نے التوائے مقدمہ کی استدعا پیش کی لہٰذا مقدمہ ملتوی ہو کر تاریخ ۸ جنوری ۱۹۳۴ء پیش ہو
۱۴	"	... وغیرہ بنام سرکار عالی	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	اپیل حسب دفعہ ۴۰۶ ضابطہ فوجداری قابل سماعت نہیں ہے البتہ بصیغہ نگرانی سماعت ہو سکتی ہے بغرض صدور حکم اجلاس عالیہ جناب چیف جسٹس صاحب بہادر پیش ہو۔
۱۵	"	ہوا وغیرہ بنام "	"	"
۱۶	اجلاس عالیہ جناب چیف جسٹس صاحب بہادر	جلال الدین خاں بنام مدنی [illegible]	اپیل دیوانی بابت [illegible]	زیر تجویز
۱۷	"	کنہی لال بنام کلو سنگھ	نگرانی دیوانی بابت [illegible]	"
۱۸	"	نبی بخش بنام کلو حنیف	اپیل از حکم بجرم دفعہ ۳۰۲	اپیل کو وہی قیدیان نامنظور ہو کر تجویز عدالت سشن بحال رہی۔

حکم اجلاس جناب ریونیو سکریٹری بہادر

اعلان

۱۹ دسمبر ۱۹۳۵ء

بحوالہ نوٹیفکیشن یو۔پی گورنمنٹ نمبر ۳۶۲۵/۱۸ مورخہ ۲۲ محکمہ صنعت و حرفت مورخہ ۱۶ نومبر ۱۹۳۵ء مطابق شرط اول قاعدہ (۷) ضمن ۳ قواعد شوگر ریاست رامپور ۱۹۳۴ء مجریہ اعلان یو۔پی گورنمنٹ نمبری ۳۹/۱۸ مورخہ ۲۵ اکتوبر ۱۹۳۴ء اعلان کیا جاتا ہے کہ کم از کم قیمت جو غلہ گنے کی بابت فیکٹریوں کے واسطے شکر کی خریداری ۱۶ دسمبر ۱۹۳۵ء کے دوسرے پندرہ روز میں ادا کی [illegible] ۵ آنہ ۳ پائی فی من کے حساب سے (جو کہ ۲ روپیہ ۱۲ آنہ فی [illegible]) ادا کی جائے گی۔

(دستخط جناب ریونیو سکریٹری بہادر)

حکم اجلاس جناب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

(منسوخی رخصت)

۱۴ دسمبر ۱۹۳۵ء

منشی جلیل احسن اہلمد پبلک انفارمیشن آفس نے ایک ماہ کی رخصت رعایتی ۲۵ ستمبر ۱۹۳۵ء کو یوم استفادہ حاصل کی تھی۔ لیکن رخصت منظور شدہ سے فائدہ نہیں اٹھایا۔ لہذا رخصت منظور شدہ منسوخ کی جاتی ہے۔ مشتہر ہو۔ حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

حکم اجلاس اڈیشنل ناظم صاحب

رخصت

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل بلاسپور بابت منظوری رخصت ایک ماہ بلا تنخواہ پریم پرشاد سیاہہ نویس و تقرر بجائش جگدنا پرشاد ملازم بندوبست

حکم

جگدنا پرشاد محرر بندوبست کا تقرر عارضی طور پر بعہدہ سیاہہ نویس آج [illegible] ۱۹۳۵ء بعد دوپہر [illegible] کیا جاتا ہے۔ تنخواہ جگدنا پرشاد کو [illegible] پریم پرشاد سیاہہ نویس کی رخصت ایک ماہ بلا تنخواہ منظور ہے۔ [illegible] محرر بندوبست کو لکھا جاتا ہے کہ اگر جگدنا پرشاد کی جگہ کسی دوسرے محرر کی ضرورت ہو تو علیحدہ رپورٹ پیش کرے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مرقومہ [illegible] ۱۹۳۵ء

دستخط اڈیشنل ناظم صاحب

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور باطلاع رپٹ جانے چارج [illegible] جگدنا پرشاد [illegible] ۱۹۳۵ء بعد دوپہر

حکم ثانی

آج کاغذات پیش ہوئے۔ احکام ضابطہ بموجب حکم مورخہ [illegible] ۱۹۳۵ء صدر سے جاری ہوں۔ یکم ستمبر ۱۹۳۵ء

[illegible]

نقشہ اجناس ریاست رامپور - بابتہ ہفتہ سوم ماہ دسمبر ۱۹۳۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ا ر ۱۱ ا ر		۱۰ ا ر				بقیہ تحصیلات سے نقشہ جات نہیں آئے
نخود خالص	۱۳ ا ر و ۱۴ ۱۰ ا ر		۱۳ ا ر				
نخود کسر آمیز	۱۴ ا ر و ۱۵ ا ر		۱۳ ا ر				
کت	۱۵ ا ر و ۱۵ ا ر		۱۳ ا ر				
ماش	۱۲ ا ر و ۱۲ ا ر		۱۰ ا ر				
مونگ	۱۰ ا ر و ۱۱ ا ر		۰				
مکا	۱۴ ا ر و ۱۲ ا ر		۱۲ ا ر				
جئی	۱۵ ا ر و ۱۶ ا ر	۰	۰				
گوجئی	۰		۰				
مسور	۱۲ ا ر و ۱۲ ا ر		۰				
ارہر	نرخ بازار		۰				
برنج	۱۰ ا ر و ۹ ا ر		۹ ا ر				
روغن زرد	۵ ا ر ۵ ا ر		۳ چھٹانک				
روغن سیاہ	۱۲ ا ر		۱۲ ا ر				
روغن کنجد	۱ ا ر		۱ ا ر				
نمک سانبھر	۹ ا ر		۹ ا ر				
نمک لاہوری	۸ ا ر		۷ ا ر				
قند سیاہ	۱۰ ا ر و ۱۰ ا ر		۸ ا ر				
باجرہ	۱۴ ا ر و ۱۴ ا ر		۱۴ ا ر				

(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)